## مقدس جونی پیرو

تکوین 15-1:18 زبور 50-48,47-46:1

مقدس متی 17-5:8

**”میں آؤنگا اور اسے اچھا کرونگا“ مقدس متی 7:8**

اَے یسوع تُو کس قدر اچھا ہے۔ جب تو ہماری مصیبتوں کو دیکھتا اور ہماری سنتا ہے، ہماری حلیمی اور ہماری محبت کو دیکھتا ہے تو تُو ہماری مدد کو تیار رہتا ہے۔ میں ہر روز اپنی اور جن کو مَیں جانتا اور پیار کرتا ہوں ان کے مصائب کو تیرے سامنے پیش کرتا ہوں۔ تیرا شکر ہو کہ تو تا ابد تک موجود ہے۔





## مُبارک ورجن میری

2 ملوک 16-14,11-8:4 زبور: 88

رومیوں 11:8,4-3:6 مقدس متی 42-37:10

**”جو تمہیں قبول کرتا ہے وہ مجھے قبول کرتا ہے۔“ مقدس متی 40:10**

ان الفاظ سے یسوع رسولوں سے اپنی قربت کا یقین دلاتا ہے وہ جانتا ہے کہ جو اسے اپنی زندگی کا مالک منتخب کر لیتا ہے۔ اکثر اسی کے اپنے گھر والے ہی اس کے دشمن بن جاتے ہیں اور اسے رد کئے جانے اور غیر جانبداری کی صلیب اٹھانا پڑے گی۔ لیکن جو اسے قبول کرتے اور مہمان نوازی میں پانی کا صرف ایک گلاس ہی پیش کریں گے اور انہیں اس کا اجر ضرور ملے گا۔

## مقدس توما رُسول پاکستان

افسیوں 22-19:2　　　زبور: 116

مقدس یوحنا 29-24:20

### "تمہیں سلامتی حاصل ہو" مقدس یوحنا 26:20

یسوع مسیح جہاں پہنچتا ہے۔ وہاں حقیقی امن جنم لیتا ہے۔ جہاں اس کا کلام سننے کے لئے متحدہ زندگی گزاری جاتی ہے۔ وہاں وہ خود کو موجود رکھتا ہے۔ وہ ہر ایک سے منفرد طریقے سے پیار کرتا ہے وہ ہمارے ساتھ دکھ اٹھاتا ہے اور اگر ہمیں تنبیہ بھی کرے تو پیار سے کرتا ہے۔ وہ ہمیں بڑی گہرائی سے جانتا ہے۔ اس لئے ہم اس پر بھروسہ رکھتے ہیں اور اس کے تابعدار رہیں گے۔ مقدس ٹامس تنبیہ کے بعد سلامتی حاصل کرتا ہے۔ وہ ہمارے لئے حلیمی کی مثال ہے۔





## پُرتگال کی مقدسہ الزبتھ

تکوین 29-15:19　　　زبور: 25

مقدس متی 27-23:8

### "تم کیوں ڈرتے ہو؟" مقدس متی 26:8

شاگرد کشتی پر خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے تھے۔ اس کا خوف بحر حال اس اَمر پر تھا کہ وہ صرف یسوع مسیح اپنے استاد ہی پر ایمان رکھتے تھے اَور خدا ان میں کارفرما تھا جس پر اُن کے آباؤ اجداد ایمان رکھتے تھے۔ جس کا ہوا اور سمندر بھی حکم مانتے تھے۔

اے یسوع مسیح تیرا شکر ہو۔ کہ خوف کے لمحات، بے یقینی اور بیقراری کی زندگی کے دوران تیرے نام کی قدرت ہے کہ دل کی گہرائیوں سے تیرا نام پکارا جاتا ہے۔ تو وہ ہمیں حوصلہ اور سلامتی عطا کرتا ہے۔

## مقدس انتھونی ذکریہ

تکوین 20-8,5:21 زبور:33

مقدس متی 34-28:8

### ''اگر تو ہمیں باہر نکالتا ہے تو ہمیں سوروں کے اس غول میں بھیج دے'' مقدس متی 31:8

اے خداوند یسوع مسیح شیطان بھی جو انسانوں کے اندر تیری جگہ زبردستی لینے اور ان کی روح اور جسم کو پھاڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ بھی تیرے سامنے کانپتے ہیں۔ آج جب کوئی چیز میرے دل کو فکر مند کرے گی۔ تو اس سے باپ پر بھروسہ اور بھائیوں کی محبت کو میں تیری طرف رجوع کرونگا۔ کیونکہ تُو زندہ خُدا ہے۔ اور جی اٹھا ہے تا کہ، ہمیں حقیقی زندگی بخشے۔





## مقدسہ ماریہ گوریٹی

تکوین 19-1:22 زبور:114

مقدس متی 8-1:9

### ''یہ کفر بکتا ہے'' مقدس متی 3:9

اے یسوع مسیح تو نے کوڑھی کو سب سے خوبصورت لفظ کہا۔ وہ لفظ جو باپ سے معافی کے لیے ہے جو تجھ پر ایمان لانے کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے۔ اس کی توثیق کرتا ہے۔ یہ لفظ اسے ابدی خوشی، نئی زندگی اور حقیقی زندگی کی اُمید دلاتا ہے۔ اور دیکھو یہ دانشور لوگ کیا سوچتے ہیں۔ اے یسوع ہم پر آج اور ہمیشہ رحم کر۔ تا کہ ہر انسان کے لئے تیرا معافی کا یہ کلمہ زندگی کا کلمہ بنے۔ ہم تجھے سجدہ کرتے اور تیرا شکر کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ تیری قربانی کا پھل ہے۔

## تکوین 67-26,10.8-1:24,19,4-1:23 زبور:105

## مقدس متی 13-9:9

### "میں رحم چاہتا ہوں۔" مقدس متی 13:9

اس وقت کے مذاہب کے لیڈر پریشان ہو گئے تھے جب وہ خُداوند یسوع مسیح کو بڑی سادہ زندگی بسر کرتے، چھوٹے لوگوں کے ساتھ بڑی حلیمی سے کھانا کھاتے یہاں تک کہ گناہگاروں کو اپنے ساتھ شریک کرتے دیکھتے تھے۔اے یسوع مسیح تیری زندگی ان کے لئے ٹھوکر کا باعث ہے۔ جو سچائی سے ناواقف ہیں۔ جو محبت کو نہیں جانتے ۔ میں تجھے سجدہ کرتا ہوں کیونکہ تو ہی پیروی کے لائق ہے۔





## تکوین 29-15,5-1:27 زبور:134

## مقدس متی 17-14:9

### "نئی مے نئی مشکوں میں ڈالتے ہیں۔" مقدس متی 17:9

یسوع مسیح نئی زندگی کی ایک خوبصورت تصویر پیش کرتا ہے۔ وہ جو اس کی ملاقات سے اُبھرتی ہے۔ وہ آداب، طور طریقے، رکھ، رکھاؤ اور اجرت سے خوش نہیں ہوتا بلکہ جیسے نئی مے خوشی، قوت اور تازگی، انعام اور روح القدس سے بھرپور ہے۔ وہ ہمیشہ خود کی پہچان کے نئے طریقے ڈھونڈ لے گا۔

## مقدس اگسٹین ژاؤ رونگ اور رفقاء

زکریا 10-9:9 زبور: 144

رومیوں 13-11,9:8 مقدس متی 30-25:11

**’’مجھے سب کچھ میرے باپ کی طرف سے دیا گیا ہے‘‘۔ مقدس متی 27 : 11**

یسوع مسیح نے سب کچھ یعنی محبت کرنے کی قدرت اور نئی زندگی دینا، باپ سے حاصل کیا ہے۔ اے یسوع مسیح میں تیرے پاس آؤ نگا اور تیرے دل کے چشمہ سے پیوؤں گا۔ اور تیرا پیار حاصل کرونگا۔ وہ پیار جو روح اور بدن کو سیر کرتا اور جو قوت اور خوشی دیتا ہے۔ اور جو تیرے ساتھ صلیب اٹھانے اور اس کا سامنا کرنے کے قابل بناتا ہے۔





تکوین 22-10:28 زبور: 90

مقدس متی 26-18:9

**’’اس نے اسے ہاتھ سے پکڑا اور وہ اٹھ بیٹھی۔‘‘ مقدس متی 25:9**

وہ بچی مر چکی تھی۔ لیکن یسوع مسیح کہتا تھا کہ وہ سو رہی ہے۔ اپنے ہاتھ سے اسے اٹھایا۔ میں حیران ہوں، خوش ہوں، میں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں اے یسوع تو آئیگا اور مجھے میری اس نیند سے جگائے گا۔ جسے سب موت کہتے ہیں وہ جگہ جہاں صرف محبت ہے اور ہمیشہ تک ابدی زندگی کا مزا چکھوں گا۔

## مقدس بیناڈکٹ

**امثال 9-1:2** **زبور:33**

**مقدس متی 29-27:19**

**'' ہم جو تیرے پیچھے ہو لئے ہیں۔ اس کے عوض ہمیں کیا ملے گا؟'' مقدس متی 27:19**

اے مقدس بیناڈکٹ بے شمار مزدوروں نے تجھے باپ کی مانند پہچانا صرف یسوع مسیح کی پیروی کرتے ہوئے بغیر کسی شرط کے تُو حقیقی زندگی کا سرچشمہ ٹھہرا ہمارے لئے دعا کرتا کہ ہم خداوند کی پیروی کرنے کی طاقت، دعا کرنے اور محبت کرنے میں سرگرم ہونا سیکھ سکیں۔ ہمیں بھی برکات، حکمت اور پرکھ عطا کرتا کہ اس کی نجات کا کلام اپنے لوگوں اور پوری دنیا کو سنا سکیں۔





**تکوین 24,17,7-5:42,57-55:41** **زبور:32**

**مقدس متی 7-1:10**

**'' خدا کی بادشاہت نزدیک ہے۔'' مقدس متی 7:10**

اس اعلان کا پرچار یسوع مسیح کے بھیجے ہوئے شاگردوں کو بدروحوں پر اختیار دیئے جانے کے بعد کرنا چاہئیے آج اے یسوع مسیح میں تجھ سے لپٹا رہوں گا۔ جو کہ مجھ میں زندہ ہے۔ اور میں بھی اعلان کرونگا کہ تیری بادشاہی قریب ہے۔ ان سب کو جو میری زندگی مشکل بناتے ہیں اس بھاری ضرورت کو خوشی سے آگے بڑھاتے ہوئے اور بیماروں کی عیادت کرتے ہوئے۔

## مقدس ہنری

**تکوین 44:18-21,23-29,45:1-5 زبور:104**

**مقدس متی 10:7-15**

**''مفت تم نے پایا''۔مقدس متی 10:8**

خداوند یسوع مسیح کے شاگردوں نے اس کا علم مفت حاصل کیا۔ہم اس کی محبت کا تجربہ اس کی کلیسیا میں اس کے کلام کے خزانہ اور ساکرمنٹوں کی قوت سے کرتے ہیں۔ہم اس کی رحمت کے سامنے صرف حیران ہی ہو سکتے ہیں۔اور ہمیشہ شکرادا کرسکتے ہیں۔





## مقدسہ کیٹری ٹیکاویتھادی لیلس ،مقدس کملیس

**تکوین 46:1-7,28-30 زبور:36**

**مقدس متی 10:16-23**

**''میں تمہیں بھیڑیوں کے درمیان بھیڑوں کی مانند بھیجتا ہوں''۔مقدس متی 10:16**

یہ درحقیقت خدا کا بیٹا تھا۔یہ فریسی نے کہا جب اس نے یسوع مسیح کو اذیت اور موت سہتے اور خدااور انسانوں کی حمدوتعریف کرتے دیکھا تو اس منظر نے اس کے دل کو تبدیل کردیا۔اس طرح بھیڑیے بھیڑیں بن گئیں۔یسوع مسیح نے تجھے اور مجھے بھیجا تاکہ ہم ان سب کے لیے جو اسے نہیں جانتے ان کے لئے نجات کا آلہ کار بن سکیں۔وہ ہمارے ساتھ ہوگا اور ہمیں پھلدار بنائیگا۔

## مقدس بوناونچر

تکوین 26-15:50,32-29:49 زبور:104

مقدس متی 33-24:10

**’’شاگرد کے لئے کافی ہے کہ وہ اپنے استاد کی مانند بن سکے‘‘۔مقدس متی 25:10**

مسیحی والدین مقدس محبت کو اپنے بچوں میں منتقل کرنے والے ہیں۔وہ ان کو ایک سمت دیتے ہیں۔اور ایک عظمت جو انہیں کبھی دھوکے میں نہیں رکھے گی۔انہیں یسوع مسیح کو دیکھنا سکھاتے ہیں۔اس کی مانند ہونے کی کوشش کرنا سکھاتے ہیں۔وہ اس کام کو جلد شروع کرتے اُور دعا کرتے ہیں۔وہ کامیاب ہونگے کیونکہ انہوں نے سب کچھ بچوں کو دے دیا۔





## خاتونِ ماؤنٹ کارمل

اشعیا 11-10:55 زبور:64

رومیوں 23-18:8 مقدس متی 23-1:13

**’’بیج بونے والا بیج بونے نکلا‘‘مقدس متی 3:13**

یسوع مسیح کی ایک لمبی تمثیل۔ایک تمثیل جو وہ اپنوں کو بالکل درست طریقے سے سمجھاتا ہے۔ہاں! کیونکہ عنوان زندگی سے بھرپور ہے۔یہ ایسے ہے جیسے یسوع مسیح کہہ رہا ہو کہ سب کچھ بیج کی قبولیت پر منحصر ہے۔جو اس کا کلام ہے۔اے یسوع مسیح تیرا شکر ہو۔کہ تو بیج بونا جاری رکھتا ہے۔مجھے ایک قبولیت والا اور فراخ دل عطا کر۔پھر میں زندگی کی بھرپوری خود اپنے اور بھائیوں کے لئے پاؤں گا۔

خروج 22,14-8:1 زبور:123

## مقدس متی 1:11,34:10

**”جو مجھے قبول کرتا ہے۔ وہ اسے قبول کرتا ہے جس نے مجھے بھیجا ہے۔“ مقدس متی 40:10**

ہم سب کو چھوٹے موٹے تجربے ہیں کہ ہم کس طرح یسوع مسیح کو قبول کرتے اور اس کے کلام کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں۔ کسی مشکل مثلاً جب وہ ہمیں معاف کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ غربت کا انتخاب، حلیمی، وفاداری وغیرہ لیکن اجر ہمیشہ بڑا ہی رہا ہے۔ خود باپ ہمیں ملنے آیا اور اپنی محبت اور سلامتی کی زندگی میں ہمیں شامل کیا۔





خروج 15-1:2 زبور:68

## مقدس متی 24-20:11

**”اس نے اسے اپنا بیٹا بنایا اور اس کا نام موسیٰ رکھا“ خروج 10:2**

موسیٰ ایک بچہ تھا۔ اسے بھی دوسرے عبرانی بچوں کی طرح مر جانا چاہیئے تھا جیسے فرعون کا حکم تھا۔ بالکل اس کی اپنی بیٹی اسے بچاتی ہے۔ اور اس کی نگہداشت کرتی ہے۔ اے باپ یہ تیرا محبت بھرا ہاتھ ہے جو پوشیدہ طریقے سے ہر انسان کی زندگی کی حفاظت و نگہبانی کرتا ہے۔ بعض اوقات ہم بھی محسوس کرتے ہیں کہ ہم تیری بھلائی سے چنے ہوئے آلہ ہیں۔ ہم تیرا شکر کرتے اور تجھے سجدہ کرتے ہیں۔

خروج 3:1-6,9-12 زبور:102

## مقدس متی 11:25-27

**''اے باپ میں تیری حمد وتعریف کرتا ہوں''۔مقدس متی 11:25**

اے یسوع مسیح تُو باپ کا ابدی پرستار ہے۔تو اس کی محبت ہے جو اسے چھوٹوں سے ہے جو اس کا بھید جانتا ہے۔تو خوش ہوتا،اس کی حمد سرائی کرتا اور دل میں اس کی جگہ بناتا ہے۔اے یسوع مسیح میں بھی تیرے ساتھ باپ کی حمد کرنا چاہتا ہوں۔اگرچہ اس کی محبت کے طریقے میرے دل اور میری سمجھ سے باہر ہوتے ہیں اور پورا بھروسہ تجھ پر ہے۔





## مقدس اپولینارس شہید

خروج 3:13-20 زبور:104

## مقدس متی 11:25-27

**''مجھ سے سیکھو کہ میں دل کا حلیم اور فروتن ہوں۔''مقدس متی 11:29**

اے یسوع مسیح جب باپ کسی انسان کو زندگی دیتا ہے تو وہ اپنے بیٹے کا عکس اُس میں دیکھتا ہے۔اُس کی محبت اور اس کی پسند کا بیٹا آج تو ہمیں اپنا دِل دکھاتا ہے۔جو حلیم اور فروتن ہے۔میں باپ کی خوشی کے لئے تجھ سے سیکھنا چاہتا ہوں۔جو ہمیشہ میرا فخر ہے۔

## برنڈس کا مقدس لارنس

خروج 14:12,10:11 زبور:115

مقدس متی 8-1:12

### "یہاں ایک ہیکل سے بھی بڑا ہے" مقدس متی 6:12

یروشلیم کی ہیکل جو قوم کا غرور، خدا کی حضوری کا مقام سمجھا جاتا تھا۔ جو ایک عظیم، باوقار اور پاک جگہ ہے۔ اے یسوع مسیح تیری عظمت سے بڑھ کر ہے۔ میں خود خدا کی موجودگی میں کلیسیا کی تعظیم کرنا چاہتا ہوں جہاں تُو ہر وقت مُوجود ہے۔ اپنے ان چھوٹے بھائیوں کی بھی عزت کرنا چاہتا ہوں۔ جن میں تو پنہاں ہے۔





## مقدسہ مریم مگدلینی

2 قرنتیوں 17-14:5 زبور:62

مقدس یوحنا 18-11,2-1:20

### "یسوع نے اسے کہا" "مریم"۔ مقدس یُوحنّا 16:20

تُو ہم میں سے ہر ایک کو بھی نام سے بلاتا ہے۔ اور ہم تجھے پہچانتے ہیں۔ اے یسوع مسیح ہمیں احساس ہے کہ تو ہی ہمیشہ سے ہمیں حقیقتاً پیار کرتا ہے۔ اور ہم خوشی سے ہر جگہ جانے کو تیار ہیں جہاں تیرا پیار ہمیں بھیجے گا۔ مقدسہ مریم مگدلینی جسے یسوع مسیح نے پیار کیا، بچایا اور بھیجا۔ تُو ہی ہے۔ جو بہترین حمد سرائی کرتا ہے۔ تیرے ساتھ ہم بھی خوشی سے پاشکا کا گیت گاتے ہیں۔ ہیلیلو یاہ

## مقدسہ برجیٹ آف سویڈن

حکمت 19-16,13:12 زبور:85

رومیوں 27-26:8 مقدس متی 42-24:13

**''مالک کیا تُو نے اچھا بیج نہیں بویا تھا؟'' مقدس متی 27:13**

اس میں کوئی شک نہیں کہ خداوند سے صرف پیار اور اچھائی ہی صادر ہوتی ہے۔مگر بدی ہے جو مصائب لاتی ہے۔ بدقسمتی سے جو دنیا، کلیسیا اور ہمارے دلوں میں موجود ہے۔ یہ کہاں سے آتی ہے؟ اَے باپ ہم نے تیری محبت کے بدلے تجھ سے نفرت کی ہے۔اب سے میں محتاط رہوں گا۔ اور اپنا دل صرف اُن پر کھولوں گا۔ جو تیری اچھائی کی بات کرے گا۔





## مقدس شربل میخالوف

خروج 18-5:14 زبور 15

مقدس متی 42-38:12

**''ابنِ بشر تین دن اور تین راتیں تہہ زمین میں رہے گا'' مقدس متی 40:12**

یسوع مسیح فقیہی اور فریسیوں کے پوچھنے پر خاص نشان کا جواب دیتا ہے۔ ان کو نبیوں کے دیئے گئے نشان کافی نہیں۔اس لئے یسوع مسیح مزید نشان دینے سے انکار کرتا ہے۔سب سے بڑا نشان باپ خود دے گا۔ جب وہ اسے اس قبر سے زندہ کرے گا۔جس میں وہ اسے بند رکھنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔

## مقدس یعقوب رسول

2 قرنتیوں 4:7-15 زبور: 125

### مقدس متی 20:20-28

**"تم میرا پیالہ پیو گے" مقدس متی 20:23**

پیالہ بائبل کی زبان میں شراکت اور سب سے زیادہ دکھ بانٹنے کی طرف اشارہ ہے۔ اے مقدس یعقوب تیری ماں نے یسوع مسیح سے تیرے اور تیرے بھائی یوحنا کے لئے اپنی بادشاہی میں عزت کا مقام پوچھا۔ لیکن یسوع مسیح تو وہ بادشاہ ہے۔ جو خدمت کرتا ہے۔ اپنوں کے لئے جان دینے تک وہ صرف خدمت کی جگہ کا وعدہ کرسکتا ہے۔ باقی سب باپ کی طرف سے آئے گا۔





## یویاقیم اور حنہ، مقدسہ مریم کے والدین

خروج 16:1-5,9-11 زبور: 77

### مقدس متی 13:1-9

**"اور وہ بہت سی باتیں تمثیلوں میں کہنے لگا"۔ مقدس متی 13:3**

اے یسوع مسیح یہ تیری محبت ہے جو تجھے تمثیلوں میں باتیں کرواتی ہے۔ تو چاہتا ہے کہ تیرا کلام ہمیشہ کی زندگی کا بیج بنے ان سب کو جو تیری سنتے ہیں ان میں اِس کی شروعات ہو۔ روح القدس ہمیشہ تیرے کلام کے ساتھ ہوتا ہے۔ یہ وہی ہے جو ان سب کو منور کرتا ہے اور تجھے پہچاننے کے لئے تیری سنتے ہیں۔

خروج 20-16,11-9,2-1:19 زبور: 56-52:3

## مقدس متی 17-10:13

**"مبارک ہیں تمہارے کان اس لئے کہ وہ سنتے ہیں"۔ مقدس متی 16:13**

سُننا اور یسوع مسیح کی باتوں کو سمجھنا روح القدس کا تحفہ ہیں یسوع مسیح کو معلوم ہو گیا کہ اس کے شاگرد سمجھتے تھے اگرچہ مکمل طور پر نہیں اس کے لئے وہ خوش ہوا اور باپ کی حمد کرتا ہے۔

اے روح القدس ہمارے اندر آ ہمارے کان کھول دے۔





خروج 17-1:20 زبور: 18

## مقدس متی 23-18:13

**"جو کلام سنتا ہے وہ پھل بھی لاتا ہے"۔ مقدس متی 23:13**

اچھی زمین میں بویا گیا بیج وہ ہے جو کلام کو سنتا اور سمجھتا ہے۔ وہ بیج بہت پھل دے گا۔ سمجھا گیا کلام یعنی زندگی میں مدغم کیا ہوا، دل میں محفوظ رکھا گیا، زندگی میں کام کرتا ہے۔ اسے تبدیل کرتے ہوئے وہ پھل لائے گا۔ جو باپ کے پسندیدہ ہیں۔

## مقدس مارتھا، مریم اَور لعزر

**خروج 24:3-8** — **زبور: 50**

**مقدس یوحنا 11:19-27**

### "قیامت اور زندگی میں ہی ہوں" مقدس یوحنا 11:25

یسوع مسیح خود کو خُدا ظاہر کرتا ہے۔ ابھی اس نے مارتھا سے کہا تھا کہ لعزر جی اُٹھے گا۔ "وہ مردوں کی قیامت پر ایمان رکھتی تھی"۔ آخری وقت میں جیسے عبرانی قوم، کا بیشتر حصہ۔ لیکن اس کے وہم وگمان میں بھی نہیں آسکتا تھا کہ یسوع مسیح اس کے چار دن کے مردہ بھائی کو زندگی میں واپس بلائے گا۔ ہاں یسوع مسیح مارتھا کے ساتھ میں بھی ایمان رکھتی ہوں کہ تو مسیحا ہے ۔خدا کا بیٹا جو زندگی کی بھرپوری عنایت کرتا ہے۔





## مقدس پطرس قریسالفس

**1 ملوک 3:5,7-12** — **زبور: 118**

**رومیوں 8:28-30**

### "خدا کی بادشاہی کھیت میں چھپے خزانے کی مانند ہے۔" مقدس متی 13:44

ان بھائیوں اور بہنوں کو دیکھ کر جی بھر آتا ہے۔ جو مشکل دنوں میں اپنی ذمہ داریاں بڑے احسن طریقے سے نبھاتے ہیں۔ کوئی فیکٹریوں میں، کوئی بیمار، اور کوئی گھریلو سادہ کاموں میں۔ سب چہرے پر مسکراہٹ سجائے ہیں۔ ان پر اس امر کا انکشاف ہو چکا ہے۔ کہ خداوند جہاں کہیں بھی انہیں بھیجتا ہے وہ خود وہاں پنہاں اور عیاں ہوتا ہے۔ انہوں نے پوشیدہ خزانہ بغیر کوشش کے کھیت میں پالیا ہے۔

## اگنیشیس ءآف لویولا

خروج 32:15-24,30-34 زبور:105

مقدس متی 13:31-35

### ’’تحریر خداوند کی تحریر تھی‘‘ خروج 32:16

کوہِ سینا پر خداوند کے ہاتھ نے خود دو تختیوں پر 10 کلمات لکھے تھے۔ ہر اس شخص کے دل پر جو بھی دنیا میں آتا ہے خداوند اپنے روحِ مقدس کے دم پھونکنے سے اس کے دل پر لکھتا ہے۔ ان کی تابعداری کی بنا پر ہی اس شاہکار کی زندگی میں اچھی کارکردگی ہو گی۔ سب مخلوق میں سے کامل ترین۔

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------

------------------------------------